# کووڈ-۱۹ کا مقابلہ کرنے کے لئے تجارتی اداروں کے ملازمین کے لئے ضوابط و تعزیرات کے رہنما اصول

پہلا ایڈیشن ۲ - ۲۰۲۱

# تعارف

جارتی اداروں کے ملازمین، کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کی غرض سے کئے جانے والے احتیاطی اقدامات پر عمل نیز پروٹوکول کی پیروی کرنے کے اپنے عہد کے ذریعہ، کووڈ۔۱۹ وبائی امراض کا مقابلہ کرنے کی جنگ میں مملکت، اداروں اور افراد کی کاوشوں میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ لہٰذا، تجارتی اداروں کے ملازمین کو کام میں صحت عامہ کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی سے روکنے کے لئے تعزیرات اور ضوابط کے رہنما اصول تشکیل کئے گئے ہیں۔

**رہ نما اصول درج ذیل شعبے کے لئے وضع کئے گئے تھے:**

نجی شعبے کے ملازمین۔

**دستور العمل تیار کرنے کے مقاصد:**

- طریقہ کار کا ایک ایسا نظام قائم کریں جو کام کی جگہ پر احتیاطی تدابیر اور صحت عامہ کے اصول کی تنفیذ کو منضبط کرے
- کووڈ۔۱۹ وبا پر قابو پانے کی غرض سے کی جانے والی احتیاطی اور امتناعی تدابیر کے تئیں ملازمین کے پابند عہد کو یقینی بنانا
- کام کی جگہ پر رہ نما اصول کی خلاف ورزی کرنے اور صحت عامہ کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ملازمین کی تعداد کو کم کرنا

**متعلقہ دستاویزات اور ضوابط:**

- کمپنی کی پالیسیوں اور طریقہ کار میں تعزیرات اور ضوابط کی فہرست
- احتیاطی اور امتناعی تدابیر کے لئے وزارت صحت کے ضوابط
- کووڈ۔۱۹ وائرس کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کے لئے احتیاطی پروٹوکول
- اجتماعات کو محدود کرنے کے لئے وزارت داخلہ کی طرف سے جاری کردہ ضوابط

**اٹیچمنٹ (انسلاک):**

- امتناعی تدابیر کی عدم تعمیل کے لئے خلاف ورزیوں اور تعزیرات کی فہرست
- احتیاطی تدابیر کی عدم تعمیل کے لئے خلاف ورزیوں اور تعزیرات کی فہرست
- اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**رہ نما اصول کو کیسے استعمال کریں:**

کووڈ۔۱۹ کا مقابلہ کرنے کے لئے تجارتی اداروں کے ملازمین پر تعزیرات کے رہ نما اصول نافذ کرنے سے قبل، لازمی ہے کہ اسے پہلے اداروں کی اندرونی پالیسیوں اور دستور العمل میں شامل کیا جائے اور وزارت انسانی وسائل کے پاس کمپنی کے اکاؤنٹ میں داخلی ضوابط کی منظوری کے پلیٹ فارم کے ذریعہ منظوری کے لئے جمع کیا جائے۔

# امتناعی تدابیر کی عدم تعمیل ے لئے خلاف ورزیوں
# اور تعزیرات کی فہرستلعدم الالتزام بتطبيق الإجراءات الوقائية

| خلاف ورزی کی نوعیت | ملازم کے لئے تادیبی سزا<br>تعزیر (یومیہ اجرت سے کٹوتی کا فیصد) | | |
|---|---|---|---|
| | پہلا جرم | دوسرا جرم | تیسرا جرم |
| **کووڈ-۱۹ سے متعلق احتیاطی طبی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی خلاف ورزی، بشمول:**<br>• طبی معائنہ کروانے سے گریز<br>• کووڈ-۱۹ کے خلاف جنگ میں امتناعی ہدایات کی پیروی کرنے سے انکار کرنا<br>• ٹسٹ کے نتائج کو قصداً چھپانا<br>• انفیکشن کے شبہ کی موجودگی یا کسی تصدیق شدہ کیس کے رابطے میں ہونے کا انکشاف کئے بغیر کام پر جانا | ایک دن | دو دن | تین دن |
| **ذاتی حفاظتی لوازمات نہ پہننے کی خلاف ورزی:**<br>• کام کی جگہ میں داخل ہوتے وقت ماسک یا کوئی بھی شے جو چہرے اور ناک کو ڈھانپتی ہو نہ پہننا<br>• یا کام کی جگہ پر جب ملازم کسی عوامی جگہ پر ہو تو اسے نہ پہننا | ایک دن | دو دن | تین دن |
| **مصافحہ کرنا یا دیگر جسمانی آداب و تسلیمات** | ایک دن | دو دن | تین دن |
| اجتماعات یا سماجی تقریبات منعقد کرنا | ایک دن | دو دن | تین دن |
| **مشروبات کے لئے کاغذی کپ یا ذاتی کپ کا استعمال نہ کرنا** | 50% | 75% | 100% |
| ہاتھوں کو جراثیم سے پاک یا جراثیم سے پاک کردہ مواد کا استعمال کیے بغیر کام کے مختلف علاقوں کے درمیان گھومنا | 50% | 75% | 100% |
| **قرنطینی طریقہ کار پر عمل پیرا ہونے میں ناکامی** | ایک دن | دو دن | تین دن |

# احتیاطی تدابیر کی عدم تعمیل کے لئے
# خلاف ورزیوں اور تعزیرات کی فہرست

| خلاف ورزی کی نوعیت | ملازم کے لئے تادیبی سزا<br>تعزیر (یومیہ اجرت سے کٹوتی کا فیصد) | | |
|---|---|---|---|
| | پہلا جرم | دوسرا جرم | تیسرا جرم |
| **وزارت انسانی وسائل و سماجی ترقی، وزارت داخلہ، وزارت صحت اور متعلقہ حکام کی جانب سے جاری کردہ احتیاطی و امتناعی تدابیر پر، جنہیں یہاں ملازمین کی خاطر صراحت کے ساتھ پیش کیا گیا ہے، عمل کرنے میں ناکامی۔** | **50%** | ایک دن | دو دن |
| ان سرگرمیوں کو انجام دینے میں غفلت جو ممکنہ طور پر کارکنوں اور ملازمین کی صحت کو نقصان پہنچانے والی ہیں۔ | ایک دن | دو دن | تین دن |
| **متعلقہ حکام کے ذریعہ طے شدہ طریقہ کار کے مطابق پہلے سے طے شدہ وقت کے بغیر ملاقاتیوں یا مہمانوں کا استقبال کرنا۔** | **50%** | ایک دن | دو دن |
| کام کی جگہ میں داخل ہونے پر درجہ حرارت لینے میں عزم کا فقدان یا ہچکچاہٹ۔ | ایک دن | دو دن | تین دن |
| **فرش پر اسٹیکرز رکھنے میں ناکامی جو محفوظ فاصلہ واضح کرتے ہیں (ڈیڑھ میٹر سے کم نہیں)، کام کرنے کی جگہ پر اس پر عمل کرنا لازمی ہے۔** | **50%** | **75%** | **100%** |
| اجتماعی عبادات کے دوران ذاتی نمازی چٹائیاں استعمال کرنے میں یا نمازیوں کے درمیان محفوظ فاصلہ (ڈیڑھ میٹر سے کم نہیں) برقرار رکھنے میں ناکامی ۔ | **50%** | **75%** | **100%** |
| **• ملازمین اور ملاقاتیوں کا درجہ حرارت لینے میں سیکیورٹی گارڈ کی ناکامی<br>• یہ چیک کرنے میں ناکامی کہ آیا ملازمین اور ملاقاتیوں نے 'توکلنا' ایپلی کیشن ڈاؤنلوڈ کیا ہے یا نہیں<br>• کام کی جگہ پر کپڑے کا ماسک یا کوئی بھی شے جو چہرے اور ناک کو ڈھانپتی ہے، پہننے میں ناکامی** | ایک دن | دو دن | تین دن |
| 'توکلنا' ایپ استعمال کرنے میں ملازمین کا پابند عہد نہ ہونا۔ | ایک دن | دو دن | تین دن |

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**۱۔ کیا رہنما اصول میں صراحت کردہ تعزیرات اور خلاف ورزیوں کا اپیلی کیشن تجارتی اداروں کے لئے لازمی ہے؟**
یہ رہنما اصول لازمی نہیں ہے، اس کو ڈیولپ کرنے کا مقصد نجی شعبے میں اداروں کو اس بات کا اہل بنانا تھا کہ ان کے پاس کوئی ایسا حوالہ ہو جسے امتناعی تدابیر پر عمل کرنے میں ناکام ملازمین کی خلاف ورزیوں اور تعزیرات پر منطبق کیا جا سکے، اس کا مقصد کورونا وائرس کے پھیلاؤ پر قابو پانے کا اہل ہونے کے لئے امتناعی پروٹوکول کی تنفیذ کو محض مستحکم کرنا ہے۔

**۲۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ رہنما اصول میں درج تعزیرات عارضی ہیں اور اسے کمپنی کی باضابطہ پالیسیوں اور طریقہ کار میں شامل نہیں کیا جائے گا، کیا ملازمین کے تعزیرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل وزارت انسانی وسائل و سماجی ترقی اور لیبر آفس میں کسی پریشانی کا سبب بن سکتے ہیں؟**
یہ رہنما اصول نجی شعبے کے اداروں کے لئے ایک غیر تعمیلی حوالہ ہے اور اس میں شامل سیکشن کا عرصہ جواز متعین ہے اور کووڈ۔۱۹ عالمی وباء کے پھیلاؤ سے مشروط ہے، لہٰذا، کمپنیوں کو وزارت انسانی وسائل کی ویب سائٹ سے توثیقی مقاصد کے لئے داخلی ضوابط کی منظوری کے پلیٹ فارم پر رہنما اصول کو ڈاؤنلوڈ کرنا چاہئے اور اس کے بعد ادارہ اسے استعمال کر سکتا ہے اور مستقبل میں مزدور سے متعلق ممکنہ مسائل یا پریشانیوں سے بچ سکتا ہے

**۳۔ کیا ملازمین کی تنخواہوں پر عائد جرمانے منطبق ہوں گے جیسا کہ منظور شدہ داخلی ضوابط میں بیان کیا گیا ہے، یا اس کے لئے کوئی اور میکانزم ہو گا؟**
وزارت انسانی وسائل کی ویب سائٹ پر داخلی ضوابط پلیٹ فارم سے منظوری کے بعد، رہنما اصول میں صراحت کردہ تعزیرات (جرمانے وغیرہ) کو اس آسان انداز میں رکھا گیا ہے کہ وہ کمپنی کی پالیسیوں سے متصادم نہیں ہیں اور کمپنی اس کا حوالہ دے سکتی ہے۔ صراحت کردہ جرمانے ملازم کی کل تنخواہ پر ہے، کیونکہ یومیہ اجرت سے کٹوتی، کام کے نظام کو مدنظر رکھتے ہوئے، سرزد ہونے والی خلاف ورزیوں کی تعداد کے مطابق بتدریج کی جاتی ہے۔

**۴۔ جب ایسی ہی خلاف ورزی یا متعدد خلاف ورزیاں کی گئی ہوں اور داخلی قواعد و ضوابط میں جرمانہ زیادہ سخت ہو تو ایسی صورت میں کون سا ضروری طریقہ کار اختیار کیا جائے؟**
اس صورت میں، داخلی قواعد و ضوابط میں مذکور جرمانے کا اطلاق ہونا چاہئے۔ واپس یہ ذہن نشین کر لیں کہ، یہ رہنما اصول تجارتی اداروں کے لئے ایک غیر تعمیلی حوالہ ہے جس کا مقصد کووڈ۔۱۹ وبائی امراض کا مقابلہ کرنے کے لئے حفاظتی اقدامات کو منطبق کرنے کے عزم کو مستحکم کرنا ہے۔

**۵۔ کیا ان تعزیرات کا اطلاق کسی تجارتی مرکز کے اندر کسی اسٹور ملازم سے سرزد ہونے والی خلاف ورزی پر عائد ہوتا ہے، بالخصوص چونکہ یہ خلاف ورزی اسٹور میں ہوگی آفس میں نہیں؟**
خلاف ورزی کا اطلاق ادارے کے تمام ملازمین پر ہوتا ہے، جن میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو تجارتی مراکز میں اسٹور پر کام کرتے ہیں۔ رہنما اصول کا ہدف نجی شعبے کے تمام ملازمین ہیں اور یہ کسی خاص زمرے تک محدود نہیں ہیں۔